Joint Press Release of the 12th round of India-China Corps Commander Level Meeting

August 02, 2021

بھارت چین کور کمانڈر لیول میٹنگ کے 12 ویں دور کے حوالے سے مشترکہ پریس ریلیز

02 اگست، 2021

بھارت چین کور کمانڈر لیول میٹنگ کا 12 واں دور ہندوستان کی جانب واقع چشول مالڈو بارڈر میٹنگ پوائنٹ پر منعقد ہوا۔ میٹنگ کے اس دور کو 14 جولائی کو دوشنبے میں ہندوستان اور عوامی جمہوریہ چین کے وزرائے خارجہ کی میٹنگ اور 25 جون کو منعقد ہونے والے ہندوستان چین سرحدی امور پر مشاورت اور رابطہ کے لیے ورکنگ میکانزم (ڈبلیو ایم سی سی) کی 22 ویں میٹنگ کے بعد منعقد کیا گیا۔

دونوں فریقین نے بھارت چین سرحدی علاقوں کے مغربی سیکٹر میں لائن آف ایکچول کنٹرول پر پیچھے ہٹنے سے متعلق بقیہ امور کے حل کے بارے میں کھلے اور گہرائی سے تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقین نے اس بات کا ذکر کیا کہ میٹنگ کا یہ دور تعمیری تھا، جس سے باہمی افہام وتفہیم کو مزید بڑھاوا ملا۔ انہوں نے ان باقی مسائل کو موجودہ معاہدوں اور پروٹوکول کے مطابق تیزی سے حل کرنے اور بات چیت اور مذاکرات کی رفتار کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

دونوں فریقین نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ عبوری طور پر وہ مغربی سیکٹر میں ایل اے سی پر استحکام کو یقینی بنانے اور مشترکہ طور پر امن وسکون کو برقرار رکھنے کے لیے اپنی موثر کوششیں جاری رکھیں گے۔

نئی دہلی

02 اگست، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.